اوووہ شاید تم بھول رہی ہو یہ میرا گھر ہے اس نے جتاتے ہووے کہا

ہمم لیکن یہاں میں بھی رہتی ہوں اور میں یہ ہر گز برداشت نہی کرنے والی کہ جس سے میرے شوہر کا افئیر چل رہا ہے میں اسے گھر آنے دوں

تمہارا بھی تو کسی کہ ساتھ افئیر ہو سکتا ہے

وہ جو کمرے سے باہر نکل رہی تھی اسکے قدم رکے اسنے واپس پلٹ کر دیکھا

آپکو شرم نہی آتی اتنی گھٹیا بات اتنے آرام سے کرتے میں کسی کی طرف دیکھنا بھی نہی پسند کرتی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اب نہی ہے شادی سے پہلے تو ہو سکتا ہے کہیں مرضی ورضی شادی کی

اب تم دیکھو تو تمہاری جان نا نکال دوں میں

اس نے بے یقینی سے اسکی جانب دیکھا اور خاموشی سے باہر

چلے گئی.......

یہ کیسا امتحان ہے یا اللہ کتنی آسانی سے انہوں نے میرے کردار

پر سوال اٹھایا ہے ایک لمحے کیلیے بھی ان کہ دل نے گواہی نہیں دی

میرے حق میں مجھے لگتا تھا انکے دل میں میرے لیے

کوئی جزبہ ہو یا نا ہو لیکن انہیں مجھ پر یقین تو ہو گا لیکن آج

میں اس میں بھی ہار گئی......

میری محبت بھی ہار جائے یہ کیوں کہتی ہے ایک موقع اور دے دو

بس ایک آخری موقع اللہ جی میرے لیے آسانیاں پیدا فرما

دے اے اللہ ہم بیٹیوں کو ہی صبر عطا کر دے جیا صبر ہم

اپنے ماں باپ کا گھر چھوڑتے وقت کرتی ہیں ہمیں ایسا صبر عطا

کر کہ ہم تیری رضا پر راضی ہو جائیں

کبھی میرا بھی دل کرتا ہے چھوڑ جاؤں سب کچھ چھوڑ دوں ایسے انسان کو

جس نے میری زندگی کا تماشہ بنا کہ رکھا ہے پر پھر انکی کچھ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اچھائیاں درمیان آ جاتی ہیں کہ وہ کیسے میرے لیے کماتے ہیں گھر بیٹھے مجھے ہر چیز مل رہی ہے اگر کبھی ان کہ ساتھ باہر جاؤں کسی کی جرات نہیں ہوتی میری طرف دیکھنے کی یا میرے بارے میں کچھ کہنے کی میں گھر رہہ کر انکے سامنے بول لیتی ہوں لیکن باہر میں کس کس کا مقابلہ کروں گی میں اور پھر جو تکلیف عورت کہ مقدر میں لکھ دی گئی ہے وہ جگہ یا انسان بدلنے سے نہی بدلتی اور یہی سب سے بڑی بات ہے کسی عورت کیلیے اپنا گھر نا چھوڑنے کی

کیا وہ آپکواتنی خوبصورت لگتی ہے کہ اسکے سامنے آپکو میرے آنسو بھی نظر نہی آتے

نعمان کہ موبائل پر کچھ ٹائپ کرتے ہاتھ رکے نہیں وہ تم سے زیادہ پیاری نہی ہے

تو پھرر

کیاپھرر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پھر آپ کیوں مجھے ازیت دے رہے ہیں کیوں میری محبت میں کسی اور کو شریک کر رہیں ہیں میں نے آپ سے کہا تھا نا کہ وہ گھر نا آئیں تو آپکو اسے نہیں لانا چاہیے تھا

کیا ہو گیا ہے سماویہ یار اتنا بڑا کوئی مسئلہ نہی آج کہ بعد نہی آئے گی

آپکو کوئی فرق نہی پڑے گا میرے کسی سے بات کرنے سے

اب تم فضول میں شروع مت ہو جاؤ چپ کر کہ سو جاؤ ویسے بھی کچھ دنوں میں تمہاری امی آ رہی ہیں زیادہ سوچو گی تو طبیعت خراب ہ جائے گی پھر اسکا الزام بھی مجھ پر آئے گا

اس سے پہلے سماویہ کچھ کہتی نعمان نے لائٹ آف کر دی جس کا مطلب صاف تھا کہ اب وہ کوئی بات نہی کرنا چاہتا

کچھ دنوں کہ بعد نضحت بھی آ گئی تھی انکے پاس

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ سماویہ کا بہت خیال رکھتی گھر میں بھی سماویہ اب بہتر فیل کرتی کیونکہ اسے لگتا تھا اکیلے رہتے رہتے وہ پاگل ہو جائے گی

سماویہ

جی اماں جی

نعمان کہاں رہتا ہے وہ رات کو بھی گھر کم ہی آتا ہے تم دونوں کہ درمیان سب ٹھیک ہے نا

جی سب ٹھیک ہے اماں جی

مجھے تو نہی لگتا بیٹا میں یہ نہیں کہتی کہ اپنے گھر کی باتیں دوسروں کو بتائی جائیں لیکن کبھی کبھی بانٹ لینے سے غم ہلکا ہو جاتا ہے اور ویسے بھی مائیں کبھی اپنی اولاد کو غلط مشورہ نہی دیتی لیکن وہ اپنی بیٹیوں کو یوں خاموش بھی نہی دیکھ سکتی

اماں جی ایسا کیوں ہوتا ہے کہ مرد جو مرضی کر لے عورت کہ دل سے اسکی محبت نہی جاتی

اگر مرد کو فرق نا پڑتا ہو تو توعورت کو بھی نہیں پڑھنا چاہیے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مجھے انکی لا پرواہیاں بہت تکلیف دیتی ہیں میں کہتی ہوں کہ میرا بھی دل کرتا ہے میں انہیں آزادی بخش دوں پر میں ایسا نہی کر سکتی اس نے انکی گود میں سر رکھے ہووے کہا کچھ آنسو انکے آنچل میں جزب ہو گئے

ایسے نا رو میری بچی نعمان آتا ہے تو میں اس سے کروں گی بات

اگر اس نے یونہی تمہیں رولانا ہے تو میں بہت جلد لے جاؤں گی تمہیں

نہی امی آپ انسے بات نہیں کریں گی میاں بیوی کہ درمیان جب کوئی اور ان کہ رشتے کہ متعلق بات کرتا ہے تو اس رشتے کی عمر بہت تھوڑی رہہ جاتی ہے اور ویسے بھی میں اپنی لڑائی خود لڑوں گی آپ بس میرے لیے دعا کیا کریں آپ دیکھیے گا سب ٹھیک ہو گا مجھے اپنے اللہ پر پورا یقین ہے

ان شاء اللہ میری جان سب ٹھیک ہو جاۓ گا تم نا بھی کہو تو بھی میرے دل سے دعائیں نکلتی ہیں تمہارے لیے کہ تم صدا ہستی بستی رہو

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Baition k Kabil Nahi Mashra | By Zairi (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آپ یہ بھی دعا کیا کریں میری بیٹی نا ہو اور بیٹیوں کو اگر یونہی جاہلوں کے حصے میں آنا ہے تو میری دعا ہے اللہ کرے وہ مر جایا کریں میں اپنا دکھ برداشت کر سکتی ہوں لیکن اپنی بیٹی کو دکھ میں دیکھنے کا حوصلہ نہی مجھ میں

پاگل یہ دعا تو نہیں کرتے بیٹیاں تو رحمت ہوتی ہیں

ہم مگر صرف ماں باپ کہ لیے باقی تو ان پر کوئی رحم بھی نہی کرتا

اچھا چلو پریشان مت ہوا کرو خود ہی کہتی ہو اللہ پر یقین ہے پھر یہ سب فضولیات کیوں سوچتی ہو

پتہ نہیں اچھا چلو آرام کرو جا کر میں جوس بنا کر لاتی ہو تمہارے لیے

\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-

کہاں جا رہیں ہیں نعمان سماویہ نے اسکے سامنے آتے کہا

تمہیں اس سے مطلب

مجھے مطلب نہی تو کسے ہوگا اتنا موڈ کیوں آف ہے آپکا

تمہاری طبیعت ٹھیک نہی آرام کرو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پہلے آپ بتائیں مجھے آج آپ کہیں باہر نہیں جائیں گے آج

اچھا تمہاری اتنی ہمت ہے کہ مجھے روک سکتی ہو اپنی اوقات میں رہو

اچھا چلیں پھر آج آپ مجھے جا کر دکھائیں اس نے بھی ضدی انداز میں کہا

میں تم سے آخری دفعہ کہہ رہا ہوں میرا دماغ اس وقت بہت خراب ہے اپنی حد میں رہو

آپکی تو ہر بات میں مانتی ہوں آج آپ میری مان جائیں

آج تک نہی مانی نا تمہاری تو رہتی ہی ہو نا میرے ساتھ آگے بھی رہنا لینا اس نے اسے سائیڈ پر کرتے ہووے کہا

تو پھر ٹھیک ہے اگر آپکو کوئی فرق نہی پڑتا تو مجھے بھی نہی پڑے گا میں چلی جاؤں گی نہیں رہوں گی آپکے ساتھ اب اس نے سامنے آتے کہا یہی چاہتے ہیں نا میں چلی جاؤں اور آپکے اور شمائلہ کے درمیان نا آؤں

جو تمہاری مرضی ہے نا کرتی پھرو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میری مرضی آپ جانتے ہے یہ میری مرضی نہی ہے آپ لائیں ہیں اسے ہمارے درمیان اور جو عورت کسی دوسری عورت کا گھر برباد کرتی ہے نا پھر وہ آپ کا بھی آباد نہی کر پائے گی یاد رکھیے گا آپ اب بھی اسی کہ پاس جا رہیں ہیں تو دیکھ لیجیے گا وہ ہم دونوں کو برباد کر دے گی

بہت سن لی تمہاری بکواس میں نے اب ہٹو میرے راستے اسنے اسے دھکا دیتے ہووے کہا

اس کہ دھکا دینے سے وہ اپنا بیلنس برقرار نا رکھ پائی اور بیڈ کی سائیڈ لگتے ہی زمین پر گر گئی

اور وہ بنا پیچھے دیکھے کمرے سے نکل گیا

نصحت بیٹی کے رونے کی آواز سنتے کمرے میں آئی تو سماویہ بیہوش ہو چکی تھی انہوں نے نعمان کو کال کی

تو جلدی وہ اسے ہاسپٹل لے گئے

ایک سٹاف تھیٹر سے باہر آئی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور ایک پیپرز پر نعمان کہ سائن لیے

بیٹا میری بیٹی کیسی ہے نصحت نے اس سے پوچھنا چاہا

کچھ دن پہلے تک تو وہ بلکل ٹھیک تھی اپنا چیک اپ کروا کر

گئی تھی کیا ہوا انہیں

پتہ نہی میں اس کہ کمرے میں گئی تو وہ بیہوش تھی

انہوں نے روتے ہووے جواب دیا

چلیں آپ دعا کرے آپریشن کرنا ہے ایمرجنسی

____

کچھ دیر بعد ایک نرس بچے کو پکڑے باہر آئی تو نعمان اس کہ

پاس آیا

یہ لیں بیٹی ہوئی ہے آپ اسے فوراً چلڈرن وارڈ لیں جائیں

نعمان نے کانپتے ہاتھوں سے اپنی بیٹی کو اٹھایا اور میری وائف وہ

کیسی ہے انکا ابھی کچھ نہی کہہ سکتے آپ دعا کریں اور بچی کو

ایمرجنسی لے جائیں

____

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جیسے جیسے نعمان کہ قدم اٹھ رہے تھے ویسے اسکا دل بجھتا جا رہا تھا وہ تقریباً بھاگتا ہوا اپنی بیٹی کو لیکر ڈاکٹر کہ پاس پہنچا

ڈاکٹر نے بچی کو لیکر ہیٹ میں رکھا اسکا بلینکٹ ہٹایا تو اپنی بچی کو دیکھ کر اسکے اندر تک سکون اترا

ڈاکٹر نے تسلی سے بچی کا چیک اپ کیا سٹاف نے اسے انجیکشن اور نالی وغیرا لگا کر فائل لیکر نعمان کی طرف متوجہ ہوئی

انکی مدر کا نام

سماویہ

آپریٹ ہوا ہے

جی

کتنے منتھ کی ہے

جی سیون

انکی مدر کو کوئی بیماری وغیرا تو لائی ک دل دے یا ہیپاٹاٹس تو نہی

نہیں جواب دیتے بھی اسکا مکمل دیہان اپنی بیٹی کیطرف تھا

تو پھر آپریٹ کیوں جلدی ہوا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ گر گــئی تھی

ہمم اس نے لکھتے ہووے کہا

میری بیٹی ٹھیک ہے

ابھی کچھ نہی کہہ سکتے فلحال انجیکشن اور میڈیسن ہیں آپ لے آئیں

وہ بیٹی کی دوائی دیکر واپس سماویہ والی سائیڈ پر آیا کیونکہ وہاں اسکا سارا ٹریٹمنٹ مشین میں ہی ہونا تھا اور سٹاف ہر ٹائم پچی کہ پاس تھی اسکے پاس ہونے کی ضرورت نہی تھی تو وہ سماویہ کہ بارے میں سوچتے چلنا شروع ہوا

سماویہ کو روم میں شفٹ کر دیا گیا تھا پر اسے ہوش نہی آیا ابھی تک نعمان چلتا ہوا اسکے پاس آیا اور سٹول پاس رکھتے بیٹھ گیا اور اسکی طرف دیکھنے لگا

کیسے بے حس انسان ہو تم نعمان بہت خواہش ہے نا تمھیں بیٹی کی جانتے ہو آج تک میں نے یہی دعا کی ہے کہ اللہ مجھے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پہلی اولاد بیٹی دے مگر آج میں تمہیں بددعا دیتی ہوں کہ اللہ تمہیں بیٹی کبھی بھی نا دے تم ترسو بیٹی کو دیکھنے کیلیے

یہ کیسی بددعا دیدی تم نے یار اگر نا ہوتی بیٹی تو مجھے اتنا دکھ نا ہوتا

لیکن اب اگر اسے کچھ ہوا تو میں بھی ٹوٹ جاؤں گا میں تم دونوں کو کھونا نہی چاہتا

یہی سوچ کر کہ تم جیسے لوگ بیٹیوں کہ قابل ہی نہی نا دوسروں کی بیٹیوں کے اور نا اپنی بیٹیوں کہ یہ معاشرہ بیٹیوں کہ قابل نہی یہ سوچ کر

میں واقعی تمہارے قابل نہی تھا پر تم مجھے ایک موقعہ دے دینا دیکھنا سب ٹھیک ہو جائے گا میں سب ٹھیک کر دوں گا اس نے سماویہ کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیتے کہا مگر آج وہ بے خبر تھی اسکی تڑپ سے جیسے ہمیشہ وہ ہوتا تھا

ایسا کیوں ہوتا ہے کہ مرد جو مرضی کر لے عورت کہ دل سے اسکی محبت نہی جاتی

اگر مرد کو فرق نا پڑتا ہو تو توعورت کو بھی نہیں پڑھنا چاہیے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مجھے انکی لا پرواہیاں بہت تکلیف دیتی ہیں میں کہتی ہوں میرا بھی دل کرتا ہے میں انہیں آزادی بخش دوں پر میں ایسا نہی کر سکتی

میں کبھی تم سے لاپرواہ نہی ہوں گا اب بس مجھے معاف کر دینا میں بہت تکلیف میں ہوں بہت زیادہ تکلیف ایسے جیسے میرا سب کچھ ختم ہو رہا ہےاور میں کچھ نہی کر پا رہا

آپ یہ بھی دعا کیا کریں میری بیٹی نا ہو اور بیٹیوں کو اگر یونہی جاہلوں کے حصے میں آنا ہے تو میری دعا ہے اللہ کرے وہ مر جایا کریں میں اپنا دکھ برداشت کر سکتی ہوں لیکن اپنی بیٹی کو دکھ میں دیکھنے کا حوصلہ نہی مجھ میں

یار ہماری پھول جیسی بچی بہت تکلیف میں ہے میں بھی اسے تکلیف میں نہی دیکھ سکتا دیکھو میں کتنا بدنصیب ہوں کہ جس نے خود اپنی بیٹی کو تکلیف پہنچائی اسکی آنکھوں کہ سامنے اسے دھکہ دینےوالا منظر گھوما اس نے درد سے اپنی آنکھیں بند کی

تو پھر ٹھیک ہے اگر آپکو کوئی فرق نہی پڑتا تو مجھے بھی نہی پڑے گا میں چلی جاؤں گی نہیں رہوں گی آپکے ساتھ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دیکھو مجھے کتنا فرق پڑھ رہاتمہاری خاموشی سے میں تمہیں کبھی بھی جانے نہی دے سکتا میں اپنی ہر غلطی کا ازالہ کروں گا بس مجھے ایک موقعہ دے دینا میں نے بہت غلط کیا کاش میں تمہاری اور ممانی کی باتیں نا سنتا میں اتنا ڈسٹرب نا ہوتا کاش میں تمہاری مان لیتا تو آج ہم تینوں اتنی تکلیف میں نا ہوتے بس تم دونوں ٹھیک ہو جاؤ میں کسی دوسرے کو ہمارے رشتے میں نہیں لاؤں گا وہ میری محبت نہی ہے تم میری محبت ہو میں کبھی تمہارے بغیر جینے کا تصور بھی نہی کر سکتا

دروازہ کھلا اور ایک سٹاف اسے انجیکشن دینے آئی

انجیکشن لگا کر جانے لگی کہ نعمان نے آواز دی

بات سنیں سسٹر

جی اس نے وواپس مڑتے کہا

یہاں ساتھ ہماری مدر تھی وہ کہاں ہیں

جی وہ انکی اپنی طبیعت بگڑ گئی تھی تو سکون کیلیے انجیکشن لگایا ہے

دوسرے روم ہیں وہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میری وائف کو ہوش کب تک آئے گا

صبح تک آ جائے گا

آپ مجھے روم بتا دیں کونسے روم میں ہیں ہماری مدر

آپ آئیں میں بتاتی ہوں

نعمان نضحت کہ پاس آیا تو وہ لیٹی تھی مگر انجیکشن کہ بعد بھی سو نہی پائی تھی ماں جو تھی

اولاد کی تکلیف ماں باپ کو سب کچھ بھلا دیتی ہے جیسے وہ اپنی بیٹی کیلیے تڑپ رہی تھی

نعمان بھی اپنی بیٹی کیلیے ویسے ہو تڑپ رہا تھا اگر وہ بے سکون تھی تو راحت اسے بھی ایک پل میسر نہی آ رہی تھی بس فرق صرف اتنا تھا کہ ان کی بیٹی بیس سال کی تھی بیس سال انہوں نے اسکہ سہارے گزارے تھے اسکی محبت میں

تو دوسری نعمان ترس رہا تھا اسے ایک پل محسوس کرنے کیلیے اسے اپنی گود میں لینے کیلیے مگر اب وہ بے بس تھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہر کسی کی زندگی میں ایسے لمحات ضرور آتے ہیں کہ وہ چاہ کر بھی جو چاہتا ہے اس پر عمل نہی کر پاتا بس بےبسی سے تماشائی بنا دیکھتا رہتا ہے اور اسی پل اسکی ساری اکڑ خاک میں مل جاتی ہے

اس سے پہلے کہ حالات آپکی اکڑ آپکا غرور ختم کرے خود میں عاجزی پیدا کریں

کیسی طبیعت ہے آپکی انکے پاس پاؤں والی سائیڈ میں بیٹھتے بنا انکی طرف دیکھے کہا

میری بچی کیسی ہے

وہ ٹھیک ہے ممانی صبح تک ہوش آ جائے گا

مجھے اسکے پاس لے چلو انہوں نے اٹھتے ہووے کہا

نہیں ابھی آپ یہی آرام کریں میں ہوں ادھر

نعمان

جی

کیا ہوا تھا سماویہ کو اچانک وہ میرے پاس سے اٹھ کر گئی تھی بلکل ٹھیک تھی میں اسکے لیے جوس بنا رہی تھی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کہ اچانک اسکے رونے کی آواز آئی لیکن روم میں تو تم بھی تھے وہ گئی ہی تم سے بات کرنے کیلیے
تھی

میں نے آپ لوگوں کی باتیں سنی تو میں ڈسٹرب ہو گیا تھا مجھے کچھ سمجھ نہی آ رہا تھا مجھے غصہ آ گیا تھا کہ اس نے آپ سے بات کیوں کی میں اسے کچھ کہنا نہی چاہتا تھا اس لیے جانے لگا تھا پر اسنے سر جھکائے انہیں ساری بات بتائی

شرم نہی آئی تمہیں زرا سی بھی یہ بھی نہی سوچا کہ اس میں نقصان تم دونوں کا ہو گا مانا کہ وہ تمہارے لیے اتنی اہم نہی تھی مگر اپنی اولاد وہ تو تمہیں پیاری تھی سوچا ہے اگر ان میں سے ایک کو بھی کچھ ہو گیا تو کر پاؤ گے خود کو معاف

کمرے کا دروازہ کھلا سر وہ آپکی بیٹی کی کنڈیشن ٹھیک نہی ڈاکٹر بلا رہی ہیں آپکو ایک لڑکی نے اندر آتے کہا جو باہر سے پوچھتی پچھاتی اس تک پہنچی تھی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس نے ایک لمحہ بھی ضائع کیے بنا بھاگتا ہوا اس سائیڈ
آیا جہاں اسکی معصوم سی شہزادی اپنی زندگی سے لڑ رہی تھی
آکسیجن کہ ساتھ بھی اسکا سانس بہت مشکل سے آ رہا تھا
نعمان نے اسکا چھوٹے سے ہاتھ کو اپنے ہاتھ میں لیا تو اسے
شدت سے اسکی تکلیف کا احساس ہوا جیسے اس بچی کہ
ساتھ ساتھ اسکی اپنی سانسیں رک جائیں گی اولاد چھوٹی ہو
یا بڑی اولاد کا دکھ بہت بھاری ہوتا ہے اسکی تکلیف سے زیادہ ماں
باپ کو تکلیف ہوتی ہے
وہ تو بس غور سے اپنی بچی کو دیکھ رہا تھا اسے پتہ ہی نا چلا کہ کب
اس نے اپنی آخری سانس لی
اسے احساس تو تب ہوا جب ڈاکٹر کی جگہ سٹاف اسے نالی
اور ڈرپ سے آزاد کرنے لگی
یہ آپ کیا کر رہی ہیں اس نے بے یقینی سے کہا
She is expire اس نے پیشہ ور انداز میں کہا
اس نے ایک بار پھر سے اپنی بچی کو گود میں اٹھایا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

لیکن اب اور پہلی دفعہ اٹھانے میں بہت فرق تھا پہلے اسے آس تھی کہ وہ بچ جائے گی اسکے زہن میں بار بار بس سماویہ کو دی جانے والی تکلیف تھی

میں کیسے تمہیں تمہاری ماں کہ پاس لیکر جاؤں وہ مر جائے گی تمہیں ایسے دیکھ کر میں بھی تمہیں ایسے نہی دیکھنا چاہتا تھا سچ ہی تو کہتی ہے وہ میں نے اس سے اس کا ہر خواب چھین لیا اسے ہمیشہ تکلیف ہی پہنچائی مگر م میں تمہیں نہی چھیننا چاہتا تھا اس سے میں تو خود تمہارے ساتھ جینا چاہتا تھا میری زندگی کی سب سے بڑی حواہش تھی کہ میں اپنی بیٹی کو سب سے پہل پہلے اٹھاؤں گلے لگاؤں لیک لیکن میں ایسے نہی چاہتا تھا میں اس طرح سے تمہیں اٹھانا نہی چاہتا تھا وہ اسے سینے سے لگائے پاگلوں کی طرح بس بولے جا رہا تھا

آپ پلیز جائیں یہاں سے سٹاف نے اسکے پاس آتے کہا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نعمان نے نصحت کہ منع کرنے پر سماویہ کو بچی دکھانے کا انتظار نا

کیا واپس لوٹ کر آیا تو سماویہ کو ہوش تو آ چکا تھا لیکن

ابھی بھی شاید دواؤں کہ زیر اثر تھی اسی لیے شاید خاموش تھی

نعمان باہر گیا تو سماویہ نےسوالی نظر سے ماں کی طرف دیکھا

ماں جی میرا بچہ کیا ہوا ہے میرے گھر اور میرا بےبی

کدھر ہے میرے پاس کیوں نہی ہے

بیٹی ہوئی تھی انہوں نے اسکہ بالوں میں ہاتھ پھیرتے کہا

ہوئی تھی کیا مطلب آپکی بات کا اب کدھر ہے

دیکھو میری جان اللہ کی امانت تھی اسکی مرضی جب واپس

لیجائے تم بہت بہادر ہو بس اب صبر کر لینا

اسکے آنسو لڑی کی صورت بہتے جا رہے تھے

مت رو میری جان بس صبر کرو میری بچی

م میں نہی رو رہی میں کیوں روؤں گی میں تو خوش

ہوں بہت خوش اس نے ضبط سے مسکراتے کہا لیکن آنسو

جاری تھے درد چیخ رہا تھا کہ آج اگر نا روئی تو دل پھٹ جائے گا

زخم ناسور بن جائیں گے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اماں میری بیٹی میں نے دیکھی بھی نہی میں نہی رو رہی بھلا بیٹیوں کہ مرنے پر بھی کوئی روتا ہے میں خوش ہوں اسکی جان چھوٹ گئی زندگی کہ عزابوں سے بچ گئی میری بچی میں بھی تو یہی چاہتی تھی نا کہ میری بیٹی نا ہو میں نے اتنی شدت سے دعائیں مانگی تھی بھلا کیسے قبول نا ہوتی نضحت کی آنکھوں سے بھی آنسو ایسے ہی بہہ رہے تھے جیسے سماویہ کی آنکھوں سے دروازے پر کھڑا نعمان بھی اسی تکلیف میں تھا

بس کر دو میری بچی مت رو ایسے

اماں جی خوشی کہ آنسو ہیں اس نے پھر اسی کیفیت میں کہا پر میں میں خوش نہی ہوں اماں جی مجھے خوشی ہونی چاہیے نا کہ میری بیٹی نہی یہی تو چاہا تھا میں نے

بیٹی کہ نا ہونے پر خوش ہوں میں بہت خوش پر وہ میری پہلی اولاد تھی اماں جی میں اسے دیکھنا چاہتی تھی اٹھانا چاہتی تھی محسوس کرنا چاہتی تھی ماں بننے کی خوشی کو میری بددعائیں کھا گئی میری اولاد کو مہری بیٹی کو میری بددعائیں لگ گئی پر میں نے یہ تو کبھی نہی کہا تھا کہ میری بیٹی مر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جائے میں نے تو کہا تھا کہ میری بیٹی ہو ہی نا میں مر جاؤں گی امی مجھے لیجائیں یہاں سے دور بہت دور مجھے یہاں نہی رہنا مجھے میری بچی کہ پاس جانا ہے وہ مجھے ڈھونڈ رہی ہو گی اس نے اپنے بال دونوں ہاتھوں میں جھکڑے چیختے ہووے کہا تو فوراً ایک نرس اسے انجیکشن دیا تو کچھ ہی دیر میں وہ نیند کی وادیوں میں چلی گئی

خوش ہو تم سکون مل رہا ہے اب تمہیں نضحت نے نعمان کو جنجھوڑتے ہووے کہا دیکھی تم نے میری بچی کی حالت کیا سے کیا بنا دیا تم نے اسے میں اسے یہاں سے لیکر بھی جاؤں گی تو خالی ہاتھ ہی کیوں کہ میری بیٹی تو کھو چکی ہے کہیں پر پھر بھی میں اسے اب لیجاؤں گی اور جو تمہارا دل کیا تم وہ کرنا انہوں نے اسے چھوڑا تو وہ زمین پر بیٹھتا چلا گیا

میں بھی بہت تکلیف میں ہوں ممانی میرے پاس تو میری ماں بھی نہی ہے میں کہاں جاؤں کس سے اپنے دل کی بات کہوں کون مجھے سمجھے گا میں نے بھی تو اپنی بچی کھوئی ہے ایک

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

طرف اپنی بچی کو کھونے کا دکھ تو دوسری طرف اپنا سماویہ کا اور اپنی ننی جان کا مجرم جس کو تو کوئی سزا بھی نہی سنا رہا جس کہ درد ہی اسکی سزا ہیں

بہت مظبوط ہوتے ہیں نا مرد دیکھے یہ مظبوط مغرور مرد آج رو رہا ہے کیونکہ وہ اپنی بچی کا دکھ برداشت نہی کر پا رہا اس ننھی سی جان نے مجھے سمجھایا ہے کہ بیٹیاں کتنی پیاری ہوتی ہیں میں نے جب اسے اٹھایا تو ہر وہ دکھ ازیت جو میں نے کسی کی بیٹی کو دی تھی اس کا بوجھ اسقدر بھاری تھا کہ مجھ سے اٹھایا ہی نہی جا رہا تھا میرے لیے ایک قدم اٹھانا بھی دشوار ہو رہا تھا ہر چلتے قدم پر سماویہ کہ آنسو اسکی تکلیف اسکا کرب میرے سامنے آ رہا تھا مگر میں مرد تھا مجھے مظبوط رہنا تھا سب سنبھالنا تھا مگر میں میں جس گمان میں تھا میرا وہ گمان اب ختم ہو گیا ہے دیکھے مجھے ایک دکھ نے اتنا کمزور کر دیا کہ میں ہار گیا مجھے احساس ہو رہا ہے میں تو مظبوط مرد تھا ہی نہی میں تو کمزور تھا تبھی تو مجھے اتنے حوصلے والی بیوی مل گئی مظبوط تو وہ تھی کہ میرے ہر ستم پر صبر کرتی رہی میں تو اتنا کمزور تھا کہ اسے نیچا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دکھانے کہ لیے بھی ایک عورت کا سہارا لیا میں ہار گیا ایک دکھ نے ہی مجھے نڈھال کر دیا

وہ کہتی تھی نا کہ یہ معاشرہ قابل نہی بیٹیوں کہ سچ ہی تو کہتی تھی ہم نہی قابل بیٹیوں کہ لیکن اگر ہماری اپنی بیٹیاں نا ہو تو ہمیں پچھتاوا کیسے ہو مکافات عمل کا ڈر کیسے ہو وہ مسلسل گھٹنے زمین پر رکھے اور سر ہاتھوں میں گرائے روئے جا رہا تھا اسے سنبھالنے والا کوئی نہی تھا

نعمان بچے سنبھالو خود کو اگر تم اس طرح سے ٹوٹ جاؤ گے تو سماویہ کو کون سنبھالے گا ہر دفعہ اس نے کوشش کی ہے اپنے رشتے کو بچانے کی اس دفعہ تم کر لینا میں اسے سمجھاؤں گی وہ تمہیں معاف کر دے گی میں اسے سمجھاؤں گی انہوں نے اسکے کندے پر ہاتھ رکھتے کہا تو اسے کچھ حوصلہ ہوا

کچھ دنوں بعد

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اماں جی اب میں بہتر ہوں آپ پلیز مجھے یہاں سے لیجائیں اب آپ نے کہا تھا کہ میری طبیعت سنبھل لے تو پھر ہم چلی جائیں گی یہاں سے

نضحت اسے منت سماجت کر کہ واپس ہاسپٹل سے گھر لائی تھی

اتنے دنوں میں نعمان ای دفعہ بھی اسکہ سامنے نہی آیا تھا اسی لیے وہ اب تک چپ رہتی رہی ہے

میرا بچہ میری طبیعت تمہارے سامنے ہے میں تمہیں یہاں سے لیکر کہا جاؤں گی اس معاشرے میں عورت مرد کہ بغیر زندگی نہی گزار سکتی تم اسے معاف کر دو وہ معافی تو مانگ رہا ہے تم سے شرمندہ ہے بہت

نہی میں اسے کبھی معاف نہی کر سکتی

کیوں کیوں معاف نہی کر سکتی اگر میں تمہارے کہنے پر تمہارے ابا کو معاف کر سکتی ہوں تو تم کیوں نہی

کیونکہ میں نے اپنی اولاد کھو دی ہے اس کی وجہ سے میں نے بھی سب کچھ کھویا ہے انکی ضد کی وجہ سے اگر تم نے اپنی ایک دن کی بیٹی کھوئی ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تو میں نے بھی اپنی بیٹی کی خوشی کھوئی اسکی مسکراہٹ کھوئی ہے کیا مجھے دکھ نہی ہوتا جب میں اپنی جان سے پیاری بیٹی کو اسقدر بے حس بنے دیکھتی ہوں جیسے اسے زندگی کا کوئی چاہ نا ہو اب کی دفعہ وہ روتے ہووے وہاں سے اٹھ کر چلی گئی

اسے گہری سوچ میں مبتلا کر کہ

چند مہینوں بعد

وہ کمرے میں داخل ہوا تو اندھیرے نے اسکا استقبال کیا بہت مشکل سے چلتا ہوا سوچ بورڈ کی طرف آیا

لائٹ آن مت کیجیے گا پلیز

اس چھوٹی لیمپ کی لائٹ آن کی تو اسے بیڈ کی سائیڈ نیچے بیٹھے دیکھا جہاں وہ گری تھی اور وہ ایسے ہی کرتی تھی

وہ چلتا ہوا اسکہ پاس آیا اور وہی اسکہ ساتھ زمین پر بیٹھ گیا

تمہیں اندھیرے سے ڈر نہی لگتا اس نے اسکہ ساتھ بیٹھتے کہا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہی اب مجھے کسی بھی چیز سے ڈر نہی لگتا

ہمم یاد ہے ایک دفعہ تم نے کہا تھا کہ جس دن تمہارا ڈر ختم ہو گیا سب سے زیادہ میں پچھتاؤں گا دیکھو میں سچ میں پچھتا رہا ہوں پلیز مجھے معاف کر دو سماویہ نعمان نے اسکہ کندے پر سر رکھتے کہا

میں آپکو معاف کر چکی ہوں نعمان ہاں بس مگر کچھ بھول نہی پا رہی اور اگر معاف نا کیا ہوتا تو آج یہاں نا ہوتی آپ تو بدل چکے ہیں میں تسلیم کرتی ہوں اس بات کو جس طرح سے آپ میرا خیال رکھتے ہیں پر یقین جانے اب مجھے اس سب سے کوئی فرق نہی پڑتا آپ لوٹ تو آئے ہیں مگر اب میرے پاس کچھ نہی ہے آپکے لیے بلکہ کسی کہ لیے بھی میں بلکل بے حس بن گئی ہوں جسے نا کسی سے محبت چاہیے نا کچھ اور نا مجھے اب کسی کہ ہونے نا ہونے سے کوئی فرق ہی نہی پڑتا آپ نے لوٹنے میں بہت دیر کر دی ہے اب مجھ میں میں خود بھی نہی ہوں اگر ہوتی تو یقین کرے یہاں نا ہوتی آج وہ بس بول رہی تھی اور وہ اسے سن رہا تھا اور اسکے آنسو سماویہ کا کندہ بگھو رہے تھے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آپ جانتے ہیں میں نے آپکو کبی کوئی بددعا نہی دی بیٹی نا ہونے
کی بھی وہ تو میں نے خود کو دی تھی آپ جانتے ہیں بیٹیاں تو ماں
کہ ہر دکھ سکھ کی ساتھی ہوتی ہیں میں نے تب بھی یہی کہا تھا
اور آج بھی کہتی ہوں معاشرہ قابل نہی بیٹیوں کہ
ہمم تم سچ کہتی مگر دیکھو اگر ہماری اپنی بیٹیاں نا ہوں تو ہمیں احساس
ہی نا ہو کبھی کہ ہم نے دوسروں کی بیٹیوں کہ ساتھ کیا کیا
زیادتیاں نا انصافیاں کی ہیں

میں تم سے کچھ نہی چاہوں گا میری چاہت کہ بدلے میں تم
چاہو یا نا چاہو مگر میری چاہت میں میری محبت
میں اب کمی نہی آ سکتی ایسا نہی تھا کہ مجھے پہلے تم سے محبت
نہی تھی ایسا ہو ہی نہی سکتا کہ میاں بیوی کہ رشتے میں محبت نا
ہو اگر بیوی نہی رہہ سکتی شوہر کہ بغیر تو شوہر بھی نہی رہہ سکتا تم نے ابھی
تک اس ساتھ کو نہیں توڑا تو اب میری باری ہے

🔥__________________

کیا عجیب دستور ہے جہاں اپنی بیٹیاں تو شہزادیاں ہوتی ہیں اور
دوسروں کی بیٹیاں وہ تو انسان بھی نہی ہوتی جب چاہا انہیں قبول

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیا جب چاہا انہیں دھتکار دیا جب چاہا عزت بخشی اور کبھی یونہی بے سبب زلیل کر دیا جب چاہا انکی پاکیزگی کی گواہی دی اور کبھی اسکہ کردار کی دھجیاں اڑا دی جب تمہارا دل چاہا اسے سینے سے لگا لیا جب دل کیا اسکہ جزبات احساسات محبت کو پیروں تلے روند دیا جب دل چاہے انہیں زندگی میں شامل کر لیا اور جب دل کرے اٹھا باہر پھینکو انہیں کونسا تکلیف ہو گی انہیں کونسا درد ہوتا ہے

پھر جب یہی سب مکافات عمل کی صورت میں سامنے آتا ہے تو درد کیوں ہوتا ہے کیوں تڑپتے ہیں انہوں نے بھی تو یہی سب کیا ہوتا ہے دوسروں کی بیٹی کہ ساتھ ---

یہ کہاں کا انصاف ہوا اپنی بہن بیٹیوں کہ محافظ اور دوسروں کی عزتوں کہ لٹیرے

یاد رکھیں آپسے سوال آپکی بہن یا بیٹی کہ متعلق اتنے نہی ہوں گے جتنے آپکے نکاح میں آنے والی عورت کہ حقوق و فرائض کہ متعلق پوچھے جائیں گے کیا سمجھتے ہیں کہ جب کسی کو ماں اور بہن کی گالیاں دیتے ہیں تو وہ بدلے میں عزت دے گی ہر گز نہی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جہاں بات بات پر گالیاں مارپیٹ ہو اس رشتے سے عزت نکل جاتی ت جس رشتے سے عزت نکل جائے وہاں کچھ بھی نہی بچتا نا کوئی جزبہ نا احساس نا محبت بس مجبوری بچتی ہے

اور کبھی کبھی ہم لوٹ تو آتے ہیں لیکم ہم اتنی دیر کر دیتے ہیں کہ سامنے والا اپنا ہر احساس ختم کر لیتا ہے اس لیے کوشش کریں خوش رہیں اور خوش رکھیں اگر کوئی آپ پر اعتماد کر کہ تمہیں انسان سمجھ کر اپنی بیٹی دیتا ہے تو کوشش کرو اسکہ ساتھ انسان بن کر رہو کیونکہ زندگی بار بار معافی کا موقع نہی دیتی

عورت ہر معاملے میں مظبوط ہو سکتی ہے لیکن اپنی اولاد کہ معاملے وہ پہلے دن سے کمزور ہوتی ہے ماں کبھی بھی بیٹی کا گھر نہی اجاڑتی وہ تو بیٹی کی اجڑی حالت دیکھ کر خود بکھر جاتی ہے جزباتی ہو جاتی ہے مگر پھر بھی وہ اپنی اولاد کہ حق میں غلط فیصلہ ہر گز نہی کرتی جہاں اسے لگتا ہے کہ اب اسکی اولاد کہ لیے آسانیاں شروع ہو جائیں گی وہ اس چیز کو دیکھ کر فیصلہ لیتی تی ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

لوٹنے میں اتنی بھی دیر نا کریں کہ انتظار کرنے والا اس قدر تھک جائے کہ پھر آپکے آنے نا آنے سے اسے فرق ہی نا پڑھے

ختم

اگر اس کہانی پر ناول لکھنا چاہتی تو بہت بڑا چڑھا کر لکھ سکتی تھی لیکن مقصد صرف بات کو سمجھانا تھا کہ عورت کو چاہیے کہ صبر کر لے اور مرد کو چاہیے کہ وہ بھی اپنا گھر بچانے کیلیے کوشش کر لے خود کو بدلنے کی باقی اب آپ لووگ بتائیں آپکو کہانی کیسی لگی اپنی قیمتی رائے کا اظہار ضرور کریں اور اب اپنا ناول نصیب_سے_ہار_گیا_عشق مکمل کروں گی اس کہانی میں کچھ کردار حقیقی ہوں گے اور کچھ فرضی لیکن ایک بچے کی کہانی جو آئے گی وہ حقیقت ہے باقی جب آپ پڑھیں گے تو بہت کچھ نیا ملے گا

ان شاءاللہ

دعاؤں میں یاد رکھیے گا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

امید ہے آپ کو یہ ناول پسند آیا ہوگا اپنی قیمتی رائے سے ہمیں

ضرور آگاہ کیجئے

فی امان اللہ

اپنا خیال رکھیے اور ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے اللہ

آپ کے لیے بھی خیر و عافیت کا معاملہ فرمائے

آمین

کریزی فینز آف ناول پبلیشرز

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel